pakcity.org

# کھیل اور سیر و سیاحت

باب 6:

## مشقی کثیر الانتخابی سوالات

1. انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے پاکستان کو بین الاقوامی کرکٹ مقابلوں میں حصہ لینے کی اجازت دی:

Ⓐ 1951ء Ⓑ 1952ء Ⓒ 1953ء Ⓓ 1954ء

2. جب پاکستان پہلی مرتبہ ہاکی کا چیمپئن بنا تو اس کے کپتان تھے:

Ⓐ خالد محمود Ⓑ اختر الاسلام Ⓒ سمیع اللہ Ⓓ حسن سردار

3. پاکستان نے اپنا پہلا عالمی کرکٹ کپ جس ملک کے خلاف جیتا:

Ⓐ آسٹریلیا Ⓑ نیوزی لینڈ Ⓒ ویسٹ انڈیز Ⓓ انگلینڈ

4. پاکستان ٹورازم ڈویلپمنٹ کارپوریشن کا قیام عمل میں آیا:

Ⓐ 1970ء Ⓑ 1972ء Ⓒ 1974ء Ⓓ 1976ء

5. 1962ء میں حکومت پاکستان کی جانب سے تمغائے امتیاز سے نوازا گیا:

Ⓐ امام بخش Ⓑ جھارا Ⓒ بھولو Ⓓ گاما

6. ڈرامائی کھیل کھیلنے سے بچے کی صلاحیت میں نمایاں اضافہ ہوتا ہے:

Ⓐ جسمانی Ⓑ زبان دانی Ⓒ قائدانہ Ⓓ قوت فیصلہ

pakcity.org

7. بین الاقوامی سطح پر کرکٹ کا ذمہ دار ادارہ ہے:

Ⓐ آئی سی سی Ⓑ پی سی بی Ⓒ آئی سی بی Ⓓ پی ایف ایف

8۔ بادشاہ قطب الدین ایبک کھیل کھیلتے ہوئے گھوڑے سے گر کر جاں بحق ہوا:

Ⓐ کبڈی Ⓑ گھڑ دوڑ Ⓒ چوگان (پولو) Ⓓ فٹ بال

www.pakcity.org

9. پاکستان میں سیر و سیاحت کی ترقی کے لیے ادارہ قائم کیا گیا ہے:

Ⓐ PTDC    Ⓑ PCB    Ⓒ PTCL    Ⓓ PMA

10. مسجد وزیر خاں واقع ہے:

Ⓐ پشاور    Ⓑ ملتان    Ⓒ لاہور    Ⓓ سیالکوٹ

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

pakcity.org

# کھیل اور سیر و سیاحت

باب 6:

## مشقی مختصر جوابی سوالات

سوال 1: کھیل سے حاصل ہونے والے ذہنی فوائد بیان کیجئے۔

جواب: کھیلوں میں بچوں کو طرح طرح کے حالات اور مختلف ہم عمر ساتھیوں سے واسطہ پڑتا ہے۔ ان سب سے نمٹنے کے لئے انہیں سوچنے سمجھنے اور بروقت فیصلہ اور اقدام کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس طرح ان کی فہم و فراست اور قوت فیصلہ بڑھتی ہے توجہ اور انہاک کی تربیت ہوتی ہے۔ اور تجربات و مشاہدات میں اضافہ ہوتا ہے۔

سوال 2: پاکستان میں کُشتی کے چار مایہ ناز کھلاڑیوں کے نام لکھیے۔

جواب: پاکستان میں کُشتی کے چار مایہ ناز کھلاڑیوں کے نام درج ذیل ھیں۔

(i) محمد عظیم اور گاما پہلوان

(ii) منظور احمد عرف بھولو پہلوان

(iii) امام بخش

(iv) زبیر عرف جھارا پہلوان

www.pakcity.org

سوال 3: پاکستان ٹورازم کارپوریشن کے قیام کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

جواب: پاکستان ٹورازم ڈویلپمنٹ کارپوریشن کا قیام 1972ء میں عمل میں آیا۔ اس ادارے کے قیام کا بنیادی مقصد ملک میں سیر و سیاحت کی صنعت کو فروغ دینا تھا۔ جس کے لئے اندرون اور بیرون ملک کے سیاحوں کو ملک کی تاریخی اور پُر فضا مقامات کی سیر و سیاحت کے لیے بہترین معلومات فراہم کرنا تھا۔

سوال 4: پاکستان میں سیاحت کو درپیش کوئی سے دو مسائل بیان کیجئے۔

pakcity.org

جواب: پاکستان میں سیاحت کو درپیش کوئی سے دو مسائل درج ذیل ھیں۔

(i) سیاحوں کے لئے ذرائع نقل و حمل کا فقدان۔

(ii) دہشت گردی، جس سے غیر ملکی سیاح خصوصاً خود کو غیر محفوظ کرتے ہیں۔

(iii) سیاحت کے لئے درکار انفراسٹرکچر کی کمی۔

(iv) سیاحتی مقام پر ناکافی رہائشی سہولیات۔

سوال5: پاکستان میں سیاحت کے فروغ کے لیے دو تجاویز پیش کیجئے ۔

جواب: پاکستان میں سیاحت کے فروغ کے لیے دو تجاویز پیش درج ذیل ھیں۔

(i) ٹرانسپورٹ کے نظام کو بہتر بنایا جائے۔

(ii) دہشت گردی کے واقعات پر قابو پاکر امن وامان کی صورتحال کو اطمینان بخش بنایا جائے۔

(iii) سیاحتی مقامات پر صفائی ستھرائی عالمی معیار کے مطابق ہو۔

(iv) سیاحوں کے لئے سہولیات کی ارزاں نرخوں پر فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔

سوال6: کبڈی کا کھیل کن ممالک میں مقبول ہے؟

جواب: کبڈی ایک مقبول اور ہر دل عزیز کھیل ہے۔ ہمارے ہاں یہ کھیل زیادہ تر صوبہ پنجاب کے دیہات میں کھیلا جاتا ہے۔ پاکستان کے علاوہ یہ کھیل بھارت ، کینیڈا، امریکہ ، ایران، انگلینڈ اور سری لنکا وغیرہ میں کھیلا جاتا ہے۔

pakcity.org

سوال7: پاکستان نے ہاکی کے کتنے ورلڈ کپ جیتے ہیں؟ سال بھی لکھیں۔

جواب: پاکستان نے چار مرتبہ ہاکی کے ورلڈ کپ جیتے ہیں۔ پاکستان نے یہ اعزاز 1982، 1978 ، 1971 اور 1994 میں حاصل کیا۔

www.pakcity.org

سوال8: پاکستان میں کتنی مرتبہ ہاکی کا اولمپک ہاکی چیمپئن بن چکا ہے؟

جواب: پاکستان تین مرتبہ ہاکی چیمپئن بن چکا ہے۔ پاکستان نے یہ اعزاز 1960، 1968 اور 1984 میں حاصل کیا۔

سوال 9 : ملاکھڑا کھیل کیسے کھلایا جاتا ہے؟

جواب: ملاکھڑا مقبول عوامی سندھی کُشتی ہے ، جو جاپانی سومو کُشتی کی طرح کھڑے کھڑے حریف کو گرا کر چت کرنے کی کوشش پر مشتمل ہوتی ہے۔ ملاکھڑائی پہلوان سندھ بھر میں میلوں ٹھیلوں میں اپنے فن کا مظاہرہ کرتے ہیں اور داد پاتے ہیں۔

EDUCATION
pakcity.org

سوال 10 : کھیل اور سیر و سیاحت میں تعلق بیان کریں۔

جواب: کھیل اور سیر وسیاحت دونوں کا شمار صحت مند سرگرمیوں میں ہوتا ہے۔ ان سے نظم وضبط، مسائل کا سامنا کرنے کی ہمت اور جذبہ، ذہنی راحت اور جسمانی ورزش جیسے فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ تاریخ اور جغرافیہ کے متعلق معلومات ملتی ہے۔ کھیل اور سیر و سیاحت انسان کی شخصیت کی تعمیر میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ جس سے ایک صحت مند معاشرے کے قیام میں مدد ملتی ہے۔